Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۔ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۱ جنوری ۱۹۳۶ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری رخصت میجر محمد اسعد علیخاں ۔۔ افسر	۲
(۲)	ترقی ۔۔ میجر کپتان محمود علیخاں اے ڈی سی	۲
(۳)	ممانعت دینے دعوت بحکام سواری موٹر اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکم نصب ۔۔ دانہ ۔۔ متعلق ۔۔ درخواست دہندگان۔	۳
(۴)	منظوری ایزادی عبارت تحت دفعہ ۵۳ (قواعد پنشن)	۲
(۵)	انتظامات بسلسلہ استعفاء صاحبزادہ سید منظور علی کمپنی کمانڈر کمپنی ۔۔ ۔۔ انفنٹری	۳

(مطبع اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۵ر جنوری ۱۹۳۶ء

مرتبہ یادداشت صاحب آرمی منسٹر بابت منظوری رخصت اتفاقیہ چھ یوم مطلوبہ میجر محمد اسد علیخاں اسٹاف افسر از ۱۱ر لغایت ۱۶ر جنوری ۱۹۳۶ء بوجہ ضرورت ذاتی۔

حکم

برجب رپورٹ میجر محمد اسد علیخاں اسٹاف افسر کی رخصت اتفاقیہ چھ یوم ۱۱ر لغایت ۱۶ر جنوری ۱۹۳۶ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جاوے۔

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

حکم:- ۶ر جنوری ۱۹۳۶ء

کپتان محمود علیخاں ایڈی۔ سی۔ کو عہدہ ورشا میجر کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ (تنخواہ میں اضافہ نہیں ہوگا)

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جاوے۔

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

روبکار

واقع …

ابدولت واقبال شہر میں بسواری موٹر جاتے ہیں تو لو…
سڑکوں پر ان کو روزانہ قطعہ درخواستیں دیتے ہیں اور اسطرح …
کے سامنے آجاتے ہیں کہ انکی جان کا خطرہ ہوتا ہے اس …
انسداد کیلئے ایک بکس دروازہ قلعہ پر لگایا جائے جس شخص …
درخواست دینا ہو وہ بجائے اسکے کہ اپنی جان کو خطرہ میں ڈ…
موٹر کے سامنے آجائیں اس بکس میں درخواست ڈال د…
یہ درخواستیں روزانہ ہمارے سامنے پیش ہونگی۔ اور ابدولت …
بنفس نفیس ملاحظہ فرماکر احکام صادر فرمائیں گے۔ آئندہ …
اگر کوئی شخص ہماری موٹر کے سامنے آکر راستہ میں درخو…
پیش کریگا تو باعث ناخوشنودی کا ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل …
کیجائے۔

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم …

روبکار:-

واقع …

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے

حسب التماس عالیجناب صاحب چیف منسٹر …
ایزادی عبارت ذیل تحت دفعہ (۵۳) قواعد …
(بطور الحاق بعد ختم عبارت دفعہ مذکور) کی منظوری د…

جس حاکم کو جس ملازم کے تقرر و برخاستگی کے اختیارات
بموجب حکم یا قواعد مجریہ گورنمنٹ رامپور حاصل ہوں۔ وہ
بعطائے پنشن و گریچوٹی ملازم متعلق کی منظوری دینے کا بھی
مجاز ہوگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام
عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور (دام اقبالہم و ملکہم)

حسب منشائے حکم ہمایوں سر رشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۸ر جنوری ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار واقع ۸ر جنوری ۱۹۳۶ء

صاحبزادہ سید اصغر علیخان بہادر سابق کپتان کمانڈر سی کمپنی
فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کا استعفیٰ منظور ہو چکا ہے بہیں
سلسلہ میں حسب معروضہ زبانی عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر
عالیمرتبت صاحب فائنینس منسٹر بہادر ۱۱ر جنوری سے حسب
ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

لفٹنٹ سید خورشید احمد تنخواہ وار ایک سو روپیہ
ماہوار کو کپتان کا رینک دیا جاتا ہے اور امتحاناً تا بہ
تین ماہ کمپنی کمانڈر سی کمپنی مقرر کیا جاتا ہے۔ ایک سو پچیس
روپیہ ماہوار تنخواہ پائینگے۔ بعد ختم مدت امتحانی رپورٹ
پیش ہونے پر حکم مستقلی صادر کیا جائے گا۔

سیکنڈ لفٹنٹ حمید احمد خاں تنخواہ دار پچاسی روپیہ
ماہوار کو لفٹنٹ کا رینک دیا جاتا ہے اور امتحاناً تا تین ماہ
سیکنڈ کوارٹر ماسٹر مقرر کیا جاتا ہے۔ ایک سو روپیہ ماہوار

تنخواہ پائینگے اور دس روپیہ ماہوار الاونس کوارٹر ماسٹری
ملیگا۔ بعد تین ماہ رپورٹ پیش ہونے پر حکم مستقلی صادر
کیا جائے گا۔

(۳) کیڈیٹ منظور حسین خاں تنخواہ دار پچاس روپیہ ماہوار کو
سیکنڈ لفٹنٹ مقرر کیا جاتا ہے اور تین ماہ کے لئے
امتحاناً کمپنی افسر مقرر کیا جاتا ہے پچاسی روپیہ ماہوار
تنخواہ پائینگے۔
کمپنی کا تعین عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کردیں۔ بعد تین ماہ
رپورٹ پیش ہونے پر حکم مستقلی صادر کیا جائے گا۔

(۴) صاحبزادہ سید اکرام رضا خاں بہادر کو بہ تنخواہ پچاس روپیہ
ماہوار کیڈیٹ مقرر کیا جاتا ہے

(۵) کپتان شکور علیخاں کوارٹر ماسٹر اڈیسیٹر سے
فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تبدیل ہوئے تھے
اور ان کو ایک سو پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی
کوارٹر ماسٹری کی تبدیلی کی وجہ سے اب ایک سو پندرہ روپیہ
تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاونس پاتے ہیں۔
ان کو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری سے اڈیسیٹر
میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ دس روپیہ ماہوار الاونس
شامل تنخواہ کیا جائے۔ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار
تنخواہ آرمی ہیڈ کوارٹر سے پائیں گے۔ فرسٹ رامپور
رضا انفنٹری سے ایک سو پچیس روپیہ ماہوار بمعہ
مشاہرات آرمی ہیڈ کوارٹر منتقل کئے جائیں۔

(۶) شریف الحسن خاں کیڈیٹ تنخواہ دار پچاس روپیہ
ماہوار کو سیکنڈ لفٹنٹ کا رینک دیا جاتا ہے
اور امتحاناً تین ماہ کے لئے کمپنی افسر مقرر کیا جاتا ہے
پچاسی روپے ماہوار تنخواہ پائیں گے۔ کمپنی کا تعین

عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بحال کردیں۔ بعدہٗ
رپورٹ پیش ہونے پر حکم مستقلی صادر ہوگا۔

(۷) اکیڈیمیٹ کی جگہ پچاس روپیہ ماہوار کی خالی رکھی جائے
عنقریب انتظام کیا جائے گا۔

(۸) فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں ایک صوبہ دار کی جگہ
خالی ہے جمعدار محمد یامین خاں کو صوبہ دار مقرر کیا جائے۔

(۹) حوالدار عزیز خاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سے
فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں جمعداری پر تبدیل ہو

(۱۰) سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں عالیمرتبت صاحب
آرمی منسٹر بجائے حوالدار خود مقرر کردیں۔

تقابلِ حسابی

معرفت باقاعدہ انتظام میں پچانوے روپیہ ماہوار کی بچت
ہوتی ہے۔ ختم سال یعنی دو ماہ و چند یوم کے لئے دو سو
اکیاون روپیہ چار آنہ نو پائی کی ضرورت ہوگی۔

مد وپ ایکونٹیٹ میں دو ہزار روپیہ منظور شدہ میں
اس میں سے دو سو اکیاون روپیہ چار آنہ نو پائی بمد ثبت مرات
منتقل کئے جائیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں
آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم